سوال

(206) کیانبیوں علیہ السلام کے سب خواب ہی سچے ہوتے ہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیانبیوں علیہم السلام کے سب خواب ہی سچے ہوتے ہیں۔ یا کہ بعض نہیں بھی مثلاً حضرات ابراہیم علیہ السلام کو۔ لقد صدقت الرءیا۔ کہہ کر قربانی فرزند سے منع کیوں کیا جاتا۔ اگر یہ خواب سچا ہوتا تو عمل ضروری تھا۔ لَقَدْ صَدَقَ اللَّهُ رَسُولَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ ۲۷ سورة الفتح

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا خواب سچا اوراس کے وہی معنی ہیں۔ جوانہوں نے سمجھے اور کرنے پر تیار ہوگئے لیکن انجام تک پہنچانے سے خود خواب دیکھانے والے نے روک دیا۔ کیونکہ: (اِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 155

محدث فتویٰ